Candidate 2: Learning

Visiting other countries for learning purposes
i.e work experience helps you learn about the people form that countries work ethic in comparison to ours.
Perfection in life comes through experiences; Do you agree?

گزشتہ سال گرمیوں کی چھٹیوں کے دوران میں لاہور دو ماہ
کیلئے، شہر کے مرکز میں، ایک ہوٹل میں، استقبالیہ کے
طور پر، انٹرنشپ کیلئے گئی۔

یہ ایک فائیو سٹار ہوٹل تھا اور یہ ہوٹل نہایت
خوبصورت اور دس منزلہ عمارت پر مشتمل تھا۔ ہوٹل کے
ارد گرد گاہکوں کیلئے کار پارک اور سامنے باغیچہ تھا۔

شروع شروع میں میں بہت گھبرائی ہوئی تھی لیکن سٹاف کو
مل کر میری گھبراہٹ بالکل ختم ہو گئی کیونکہ وہ سب بہت
دوستانہ مزاج اور مددگار تھے۔ سٹاف میں سے دو لڑکیاں
میری بہت اچھی سہیلیاں بن گئیں جن سے میں آج بھی
رابطے میں ہوں۔

ان دو ماہ کے دوران میں نے گاہکوں کی شکایات سنیں،
ان کے سوالات کے جوابات دیئے اور اس کے علاوہ میل اور
فون پر لوگوں کو ہوٹل کے متعلق تمام معلومات سے آگاہ کیا۔
جو چیز مجھے ~~مجھے~~ اچھی نہیں لگی وہ لوگوں کا وقت پر نہ
آنا تھا۔ ہوٹل میں کام کرنے والے لوگ ہمیشہ دیر سے آتے

تھے۔ میرے کام کا دورانیہ صبح ۹ بجے سے شام ۵ بجے تک تھا۔
درمیان میں چائے اور کھانے کا وقفہ بھی ہوتا تھا۔ پاکستان
میں کام کرنے کے دوران میں نے درج ذیل پیشہ ورانہ مہارتیں
سیکھیں۔

۱۔ کمیونیکیشن سکلز
۲۔ کام میں خود اعتمادی
۳۔ کام کا دباؤ برداشت کرنے کی مہارت
۴۔ سمجھنے کی مہارت

پاکستان میں کام کرنے کے دوران جہاں میں نے درج بالا مہارتیں
حاصل کیں میں نے ان کے ساتھ ساتھ یہ بھی محسوس کیا کہ
وہاں نظام کو بہتر بنانے کی مزید ضرورت ہے اور لوگوں کو
بیرونِ ملک جا کر دوسرے لوگوں کے ساتھ کام کرنے کا موقع
ملنا چاہیئے تاکہ ان میں وسعت نظری آئے اور وہ دوسرے
لوگوں کے تجربے سے فائدہ اٹھا کر اپنے کام میں بہتری لا
سکیں۔